# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

# END-OF-YEAR ASSESSMENT

## SUBJECT: URDU

## GRADE-8

**FINAL TERM**

**[ Part A: 48 Marks Part B: 52 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ______________________________

**Student Name :** ____________________ **Roll Number :** ____________________ **Section :** ____________

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: فعل معروف پر مشتمل جملہ ہے:

(a) ہوا چل رہی ہے۔ (b) زبیر نے خط لکھا۔ (c) رات بہت حسین تھی۔ (d) بچے کھیل رہے تھے۔

سوال نمبر 2: لفظ "طرف" کی جمع الجمع کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) پارک کے اطراف میں خوب صورت درخت ہیں۔ (b) پارک کے طرفین میں خوب صورت درخت ہیں۔

(c) پارک کی تمام طرفوں درخت ہی درخت ہیں۔ (d) پارک کی طرفینوں میں درخت موجود ہیں۔

سوال نمبر 3: محاورہ "تین حرف بھیجنا" کے درست استعمال والا جملہ ہے:

(a) غصے میں آکر میں نے اسے تین حرف بھیج دیے۔ (b) جیت کی خوشی میں علی نے تین حرف بھیجے۔

(c) ماں نے بچے کو پیار سے تین حرف بھیجے۔ (d) استاد نے محنتی شاگرد کو تین حرف بھیجے۔

سوال نمبر 4: اسم صفت کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) یوسف سکول جاتا ہے۔ (b) کاشف کھانا کھاتا ہے۔ (c) احمد ایک ذہین لڑکا ہے۔ (d) جنید کتاب پڑھتا ہے۔

سوال نمبر 5: اسم ظرف زماں کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) بات کا بتنگڑ بنانا اس کی پرانی عادت ہے۔ (b) میں سبزی منڈی گیا تاکہ تازہ سبزیاں خرید سکوں۔

(c) کامیابی کا سن کر وہ جامے میں پھولا نہ سمایا۔ (d) اس صدی کے آغاز پر ٹیکنالوجی میں انقلابی تبدیلیاں آئی ہیں۔

سوال نمبر 6: ذیل میں اسمِ جمع والے جملے کی نشان دہی کریں:

(a) یہ علی کا پیمانہ ہے۔ (b) بچہ ہجوم میں کھو گیا۔

(c) گائے گھاس کھا گئی۔ (d) لڑکا سکول سے بھاگ گیا۔

سوال نمبر 7: "استاد نے سبق پڑھایا۔" اس فقرے میں مفعول ہے:

(a) استاد (b) سبق (c) نے (d) پڑھایا

سوال نمبر 8: حاصل مصدر کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) دروازے پر آہٹ ہوئی۔ (b) بادل گرجتے ہیں۔

(c) بلند پہاڑ پر چڑھنا مشکل ہے۔ (d) پھولوں سے منبر سجانا ہے۔

سوال نمبر 9: متضاد الفاظ کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) اندھیرا چھٹا تو روشنی پھیل گئی۔ (b) یہ کام کٹھن اور دشوار ہے۔

(c) ہر طرف خوشبو اور مہک پھیلی ہے۔ (d) بچے خوش اور مسرور ہیں۔

سوال نمبر 10: تانیث کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) علی صبح سویرے سکول جاتا ہے۔ (b) استانی بچوں کو اچھی باتیں سکھاتی ہے۔

(c) پرندہ درخت کی شاخ پر بیٹھا چہچہا رہا ہے۔ (d) استاد نے شاگرد کو پڑھایا۔

سوال نمبر 11: تمام مہینوں اور دنوں کے نام مذکر ہیں، سوائے:

(a) جمعہ (b) جمعرات (c) جنوری (d) دسمبر

سوال نمبر 12: فعل ماضی شکیہ والا جملہ ہے:

(a) حسنین سکول جاتا ہے۔ (b) پرندے چہچہا رہے ہیں۔ (c) بادشاہی مسجد قابل دید ہے۔ (d) شاید وہ سکول گیا ہو۔

سوال نمبر 13: "ابنِ مریم ہوا کرے کوئی / / میرے دکھ کی دوا کرے کوئی" اس شعر میں تلمیح ہے:

(a) دوا کرنا (b) ابنِ مریم (c) میرے دکھ (d) ہوا کرے

سوال نمبر 14: متلازم الفاظ والے جملے کی نشان دہی کریں:

(a) ہم نے چڑیا گھر میں جانور اور پرندے دیکھے۔ (b) ہر آدمی کے مزاج اور ذوق میں فرق ہوتا ہے۔

(c) آمنہ امتحان میں پوری دلچسپی لیتی ہے۔ (d) بھارت ہمیشہ پاکستان کی ترقی میں حائل رہا ہے۔

سوال نمبر 15: اسم صفت "سنجیدہ" سے بننے والا اسم ہے:

(a) سنجیدی (b) سنجیدگی (c) سنجیدکی (d) سنجیدائی

سوال نمبر 16: "دکھ اٹھانا" محاورے کا جملے میں درست استعمال ہے:

(a) دنیا سے تو دکھ اٹھ ہی گئے۔ (b) فلسطین کے مسلمان بہت دکھ اٹھا رہے ہیں۔

(c) ہمیں دکھ بانٹنے کی ضرورت ہے۔ (d) دکھ سکھ بانٹنا اچھا نہیں۔

سوال نمبر 17: لاحقہ "خانہ" سے بننے والی درست فہرست کی نشان دہی کریں:

(a) زمین خانہ، علم خانہ، خیمہ خانہ (b) گھر خانہ، حکیم خانہ، دکان خانہ (c) خانہ بدوش، خانہ مکین، خانہ دوز (d) اہل خانہ، باورچی خانہ، دواخانہ

سوال نمبر 18: شاباش! تم جماعت میں اول آئے ہو۔ اس جملے میں "شاباش" قواعد کی رو سے ہے:

(a) حرف تمنائیہ (b) حرف ندائیہ (c) حرف استعجابیہ (d) حرف تحسین

سوال نمبر 19: جملہ میں تشابہ الفاظ ہیں:

(a) وجہ، آم (b) کم، عام (c) قیمت، آم (d) عام، آم

سوال نمبر20: درست اعراب والے لفظ کی نشان دہی کریں۔

(a) دَرمان(دَ۔ر۔ما۔ن) (b) عَرفان(عَ۔ر۔فا۔ن) (c) حِصُول(حِ۔صُ۔و۔ل) (d) فِضَا(فِ۔ضَ۔ا)

سوال نمبر21: "ساون کے مہینے میں آسمان پر بادل روئی کے گالوں کی طرح اڑ رہے تھے۔ بجلی کی گرج چمک مسکراتی ہوئی معلوم ہو رہی تھی۔" اس جملے میں منظر بیان ہے:

(a) موسمِ سرما کا (b) موسم گرما کا (c) موسم خزاں کا (d) موسم برسات کا

سوال نمبر22: "سورج دھندلا چکا، پرندے چھپ گئے، دن میں نیم تاریکی کا سماں ہے۔" یہ منظر ہے:

(a) موسم برسات (b) موسم خزاں (c) موسم گرما (d) موسم بہار

سوال نمبر23: کون سا طالب علم تھیسارس سے سب سے زیادہ فائدہ اٹھا سکتا ہے؟

(a) جو ریاضی کے سوالات حل کرنا چاہتا ہو (b) جو اپنی لفظی ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرنا چاہتا ہو

(c) جو جغرافیہ کی معلومات حاصل کرنا چاہتا ہو (d) جو سائنسی اصطلاحات یاد کرنا چاہتا ہو

سوال نمبر24: اک گھر کا اک پہرے دار // خوب چوکنا اور ہُشیار۔ کب چھوڑے وہ جس کو پکڑے // جس کو پکڑے اُس کو جکڑے۔ اس پہیلی کی بوجھ ہے:

(a) مکڑی (b) کیڑا (c) مکوڑا (d) بھڑ

سوال نمبر25: ایک اچھا شہری اپنے فرائض کو سمجھتا ہے۔ درج ذیل میں سے کون سا عمل ایک غیر ذمہ دار شہری کی نشان دہی کرتا ہے:

(a) قوانین کی پابندی کرنا (b) دوسروں کی مدد کرنا (c) گندگی پھیلانا (d) شجرکاری کرنا

سوال نمبر26: سوئمنگ پول میں نہانے کے دوران احمد پانی میں ڈوب رہا ہے، اس کا دوست اس کو بچانے کے لیے کرے گا:

(a) شور مچا کر مدد کے لیے بلائے گا۔ (b) وہاں سے بھاگ جائے گا۔

(c) کھڑا دیکھتا رہے گا۔ (d) پانی میں چھلانگ لگا دے گا۔

سوال نمبر27: آپ کے سامنے سڑک پر دو موٹر سائیکل سوار تیزی سے جا رہے ہیں اور اُن کا حادثہ ہو جاتا ہے۔ آپ ایسی صورتِ حال میں کریں گے:

(a) صرف پریشان ہوں گے۔ (b) وہاں سے چلے جائیں گے۔

(c) خوف زدہ ہو جائیں گے۔ (d) فوراً اسپتال پہنچائیں گے۔

پیراگراف ہدایات *

درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے درست جوابات کی نشاندہی کریں۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک گاؤں میں ایک نوجوان لڑکا، اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلتا رہتا تھا۔ ایک دن، اس نے سوچا کہ کیوں نہ اپنے دوستوں کو اپنی بہادری کا احساس دلانے کے لیے ایک جھوٹ بول دے۔ لڑکے نے کہا کہ اس نے ایک بڑے چیتے کو جنگل میں دیکھا ہے جو لوگوں کو خوفزدہ کر رہا تھا۔ اس کی یہ بات سن کر دوستوں میں ایک ہنگامہ برپا ہو گیا، اور سب نے لڑکے کے ساتھ جنگل جانے کا فیصلہ کیا۔ جب وہ جنگل پہنچے تو وہاں کچھ نہیں تھا۔ لڑکے کو احساس ہوا کہ اس کا جھوٹ بے نقاب ہو گیا ہے۔ اس کے دوستوں نے اسے ملامت کیا اور کہا کہ اس کی جھوٹ بولنے کی عادت انہیں بہت نقصان پہنچا سکتی ہے۔ لڑکے کو اپنی غلطی کا اندازہ ہوا اور اس نے فیصلہ کیا کہ وہ کبھی بھی جھوٹ نہیں بولے گا۔ اس تجربے نے اسے سکھایا کہ جھوٹ بولنے سے وقتی خوشی تو مل سکتی ہے، لیکن اس کے نتائج ہمیشہ خطرناک ہوتے ہیں۔ اس دن کے بعد، لڑکے نے سچائی کو اپنانے کا عہد کیا، کیونکہ اس نے جان لیا کہ سچائی میں ہی حقیقی طاقت ہے۔

سوال نمبر28: لڑکے نے اپنے دوستوں کو کس چیز کے بارے میں جھوٹ بولا؟

(a) ایک شیر کے بارے (b) ایک چیتے کے بارے (c) ایک گیدڑ کے بارے (d) ایک ہاتھی کے بارے

سوال نمبر29: لڑکے کے جھوٹ کا کیا نتیجہ نکلا؟

(a) دوست خوش ہوئے (b) دوستوں نے یقین کر لیا (c) دوست ملامت کرنے لگے (d) سب جنگل میں گئے

سوال نمبر30: لڑکا رہتا تھا:

(a) غار میں (b) گاؤں میں (c) جنگل میں (d) شہر میں

سوال نمبر31: لڑکے نے جھوٹ پکڑے جانے کے بعد کیا فیصلہ کیا؟

(a) جھوٹ بولنا جاری رکھنے کا (b) دوستوں سے دور ہونے کا (c) سچائی کو اپنانے کا (d) کوئی نئی کہانی بنانے کا

سوال نمبر32: اگر لڑکے کو دوبارہ موقع ملتا تو وہ کیا کرتا؟

(a) مزید جھوٹ بولتا (b) سچ بولتا (c) دوسروں کی باتیں سنتا (d) خاموش رہتا

---

## حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر33: درج ذیل اشعار کی تشریح لکھیں۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیں۔ (کل نمبر10)

ہر درد کا ہوتا ہے درمان مدینے میں — خالق کا بھی ہوتا ہے عرفان مدینے میں

خاکِ درِ اقدس پہ رکھتی ہے جبیں دنیا — اس طرح نکلتے ہیں ارمان مدینے میں

سوال نمبر34: "سائنس کے کرشمے" موضوع پر مفصل مضمون تحریر کریں۔ (کل نمبر10)

سوال نمبر35: دو دوستوں کے درمیان "مہنگائی" کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔ (کل نمبر10)

سوال نمبر36: کتابوں کی نمائش کی تقریب کی روداد تحریر کریں۔ (کل نمبر10)

سوال نمبر37: درج ذیل نظم پارہ کو غور سے سنیں اور پوچھے جانے والے سوالات کے زبانی جوابات دیں۔ (نظم پارہ اور سوالات روبرکس میں موجود ہے۔) (6نمبر)

سوال نمبر38: درج ذیل نثر پارہ کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیں۔ (نوٹ: نثر پارہ روبرکس میں موجود ہے۔) (کل نمبر6)